وضاحت رسول اللہ ﷺ نے خطبہ کے بغیر جانے کی رخصت عطا فرمائی لیکن اگر اللہ کے نبی ﷺ کے دیگر فرامین پر نگاہ ڈالیں تو یہ واضح ہو جاتا ہے کہ انہوں نے عورتوں کو تاکید فرمائی کہ وہ اگرچہ حیض میں ہوں پھر بھی وہ نمازِ عید کے اجتماع میں ضرور حاضر ہوں، نمازیوں سے علیحدہ بیٹھیں اور خطبہ کے بعد مسلمانوں کی دُعا میں شامل ہوں۔ اس لئے بغیر حالت مجبوری خطبہ کو چھوڑ دینا جائز نہیں۔

خطبہ کے بعد صدقات اور خیرات کی ترغیب دلانا

رسول اللہ ﷺ نمازِ عید کے بعد صدقہ وخیرات کی ترغیب دلاتے اور سیّدنا بلال رضی اللہ عنہ کو عورتوں سے صدقہ اکٹھا کرنے کو فرماتے۔

(بخاری:98، مسلم:2053[889]، ابوداؤد:1142-1144، ابن ماجہ:1288، ترمذی:531)

نمازِ عید کے بعد اجتماعی دُعا

اللہ کے نبی ﷺ نمازِ عید کے بعد اللہ سے دُعا کیا کرتے تھے۔

(بخاری:971,974، مسلم:2056[890]، ابوداؤد:1136، النسائی:1560، ابن ماجہ:1307، ترمذی:540)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قربانی

قربانی کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"دس ذوالحجہ کو خون بہانے سے بڑھ کر ابن آدم کے ہاں کوئی بہتر عمل نہیں۔ یہ جانور روز قیامت اپنے سینگوں، کھروں اور بالوں سمیت آئیں گے اور خون کے زمین پر گرنے سے پہلے اللہ کے ہاں اس کا ایک مقام ہوتا ہے سو تم یہ قربانی خوشدلی سے دیا کرو۔"

(ابن ماجہ:3126، ترمذی:1493)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے سوال کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ قربانیاں کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا "تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے"۔ پھر پوچھا: اس سے ہمیں کیا ملے گا؟ فرمایا: "ہر بال کے بدلے ایک نیکی۔ کہنے لگے: اور اون کے بدلے بھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "بھیڑ کی اون کے ہر بال کے بدلے بھی ایک نیکی ملے گی"۔ (ابن ماجہ:3127)

وہ مسلمان جو قربانی کی استطاعت نہ رکھتا ہو کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"(نمازِ عید کے بعد) اپنے سر کے بال کاٹ لو، ناخن اور مونچھیں تراش لو، (بغل) اور زیر ناف بالوں کی صفائی کرلو۔ اللہ کے ہاں تمہاری یہی کامل قربانی ہے"۔

(ابو داؤد:2789، النسائی:4370)

کیا قربانی ہر صاحب استطاعت پر واجب ہے؟

ارشاداتِ ربانی

لِّيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَّعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ (الحج:28/22)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[تاکہ وہ (مسلمان) حاضر ہوں اپنے فائدے کیلئے، اور مقررہ دنوں میں ان مویشی چوپایوں پر (قربانی کرتے وقت) اللہ کا نام لے لیا کریں جو اس نے انہیں عطا کئے ہیں۔ پس (قربانی کا گوشت) خود بھی کھائیں اور مصیبت زدہ محتاج کو بھی کھلائیں]۔

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (الحج:36/22)

[اور (غور کرو) اونٹوں کو ہم نے تمہارے لئے اللہ کے شعائر (نشانیوں) میں سے ٹھہرادیا ہے۔ تمہارے لئے ان میں بھلائی ہے، لہٰذا (قربانی کرتے وقت) انہیں کھڑا کر کے (ان پر) اللہ کا نام لو اور جب وہ کسی پہلو گر پڑیں (اور ٹھنڈے ہو جائیں) تو ان میں سے (خود بھی) کھاؤ اور قناعت کرنے والے (محتاج) کو اور مانگنے والے (محتاج) کو (بھی) کھلاؤ، اس طرح ہم نے ان (جانوروں) کو تمہارے لئے مسخر کر دیا ہے تاکہ تم (ہمارا) شکر ادا کرو]۔

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (الکوثر:2/108)

[پس (تیرے ربّ کا حکم ہے) تو اپنے ربّ کیلئے نماز ادا کر اور (اسی کا حکم ہے کہ) تو (اپنے ربّ کیلئے) نحر کر (قربانی کر)]۔

قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ لَا شَرِيْكَ لَهٗ (الانعام:163-162/6)

[(اے محمد ﷺ یہ آپ کے ربّ کا حکم ہے) آپ ﷺ (ان سب سے) کہہ دیں (بتا دیں) کہ بے شک میری نماز، میری قربانی، میرا جینا اور میرا مرنا صرف اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ اس کا کوئی شریک (ساتھی) نہیں]۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب:21/33)

[یقیناً یقیناً رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں تمارے لئے بہترین نمونہ ہے]۔

يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا أَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْا أَعْمَالَكُمْ (محمد:33/47)

[اے وہ لوگو جو ایمان لا چکے ہو (اللہ تعالیٰ ایک نہایت اہم حکم فرما رہے ہیں توجہ سے سنو)! تم سب اللہ کی اطاعت کرو اور رسول اللہ ﷺ کی فرمانبرداری کرو اور (اللہ اور رسول کی نافرمانی کر کے) اپنے اعمال ضائع نہ کرو]۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان

سیّدنا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"مجھے یوم الاضحیٰ کے متعلق (اللہ کی طرف سے) حکم دیا گیا ہے کہ اسے بطور عید مناؤں جسے اللہ عزوجل نے اس اُمت کیلئے خاص کیا ہے"۔ (ابوداؤد:2789، النسائی:4370)

سیّدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"جس کے پاس (قربانی کرنے کی) گنجائش ہو اور وہ قربانی نہ کرے تو اسے چاہیے کہ ہماری عیدگاہ کے قریب بھی نہ آئے"۔ (ابن ماجہ:3123، احمد:321/2)

سیّدنا مخنف بن سلیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم سب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عرفات میں وقوف کیے ہوئے تھے کہ آپ نے فرمایا:

"ہر گھر والوں پر ہر سال قربانی ہے"۔

(ابوداؤد:2788، ترمذی:1518، النسائی:4229، ابن ماجہ:3125)

اللہ کے نبی ﷺ مدینہ منورہ کے اپنے دس سالہ قیام میں ہر سال قربانی دیا کرتے تھے۔ (ترمذی:1507)

سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ قربانی واجب ہے یا نہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: قربانی کی اللہ کے نبی ﷺ نے اور مسلمانوں نے۔ اس نے پھر پوچھا تو کہا: تو سمجھتا نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے (کہ میں کہہ رہا ہوں) قربانی کی رسول اللہ ﷺ نے اور قربانی کی مسلمانوں نے۔

(ترمذی:1506، ابن ماجہ:3124)

رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر سو (100) اونٹوں کی قربانی دی۔ جن میں تریسٹھ (63) اونٹ خود اپنے دست مبارک سے نحر (قربان) کیے اور باقی سینتیس (37) اونٹ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے نحر کیے۔ (مسلم:2950[1218]، ابن ماجہ:3074)

رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع میں آل محمد ﷺ کی طرف سے ایک گائے ذبح فرمائی۔

(ابوداؤد:1750، 1751، ابن ماجہ:3133، 3135، النسائی فی الکبریٰ:4129)

وضاحت صاحب استطاعت پر قربانی ہر سال واجب ہے۔

1. قرآنی آیات اور احادیث کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کی سنت پر عمل کرنے والے صاحب استطاعت پر ہر سال قربانی کرنا لازم ہے۔
2. محدثین کے مطابق قربانی سنت مؤکدہ ہے، تاہم استطاعت رکھنے والے کو لازماً قربانی کرنی چاہیے۔
3. ایک ہی گھر میں رہتے ہوئے جہاں ایک ہی جگہ کھانا پکتا ہو، گھر کے سربراہ کی طرف سے دی ہوئی قربانی گھر کے باقی افراد کے لئے کفایت کر جاتی ہے۔

(ابن ماجہ:3147، ترمذی:1505)

4. اگر صاحب استطاعت ایک ہی گھر میں اکٹھے رہتے ہوں لیکن کھانا علیحدہ علیحدہ پکتا ہو تو ہر ایک کو قربانی دینا لازم ہے۔
5. اگر صاحب استطاعت علیحدہ علیحدہ گھروں میں رہتے ہوں تو ہر ایک کو قربانی دینا لازم ہے۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ کا قربانی کرنے کا طریقہ

ام المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا، کہ ایک مینڈھا لایا جائے جو سینگوں والا ہو، پاؤں کالے ہوں، آنکھیں کالی ہوں، سینہ اور پیٹ بھی کالا ہو۔ جب ایسا جانور پیش کیا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "عائشہ! چھری لاؤ"۔ پھر فرمایا: "اسے پتھر پر تیز کرو"۔ میں نے ایسا ہی کیا، پھر آپ ﷺ نے چھری لی اور مینڈھے کو پکڑا، اسے لٹایا اور ذبح کیا اور دعا کی:

"بِاسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ! تَقَبَّلْ مِنْ مُّحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ"

(مسلم:5091,5087[1967,1966]، ابو داؤد:2792)

[اللہ کے نام سے، اے اللہ! محمد، آل محمد اور اُمت محمد کی طرف سے قبول فرما]۔

30

سیّدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے دو مینڈھے ذبح کیے جو سینگوں والے اور چتکبرے تھے۔ ذبح کرتے ہوئے آپ ﷺ نے تکبیر پڑھی اور بسم اللہ کہا (بِسْمِ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ) اور اپنا پاؤں ان کی گردن پر رکھا۔

(بخاری:7399,5565، ابو داؤد:2794، ترمذی:1494)

سیّدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اس حدیث کے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے قربانی کے دن دو مینڈھے ذبح کیے جو سینگوں والے، چتکبرے اور خصی تھے۔ جب آپ ﷺ نے انہیں قبلہ رخ کیا تو یہ دعا پڑھی:

"اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرْضَ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ، اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُكِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ، وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ، اَللّٰهُمَّ! مِنْكَ وَ لَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَ اُمَّتِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ"

(ابو داؤد:2795، ابن ماجہ:3121، احمد:375/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[میں نے اپنا رخ اس ذات مبارکہ کی طرف کر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا، میں ملت ابراہیمی پر ہوں اور یک سو ہوں، اور مشرکوں میں سے نہیں ہوں، بیشک میری نماز، میری قربانی، میرا جینا اور میرا مرنا اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں (اس اللہ کے) اطاعت گذاروں میں سے ہوں۔ اے اللہ! یہ (قربانی) تیری (ہی عطا کردہ) ہے اور تیرے ہی لئے ہے، (تو) اسے محمد اور اس کی اُمت کی طرف سے قبول فرما۔ اللہ کے نام سے، اللہ سب سے بڑا ہے] پھر آپ ﷺ نے انہیں ذبح کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قربانی کے احکام و مسائل

پاکیزہ اور حلال کمائی (رزق حلال)

حکم ربانی ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم بِآخِذِيهِ إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ (البقرة:267/2)

[اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو (غور سے سنو تمہارے ربّ کا حکم ہے!) جو کچھ تم نے (محنت مزدوری یا تجارت سے) کمایا ہے اور جو کچھ ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے اس میں سے عمدہ چیزیں (اللہ کی راہ میں) خرچ کرو اور ناکارہ چیز (کے دینے) کا ارادہ بھی نہ کرنا کہ (اللہ کی راہ میں) اس میں سے دینے لگو، حالانکہ (وہی چیز اگر کوئی دوسرا تمہیں دینا چاہے تو) تم اس کو (کبھی خوشدلی سے) نہ لوگے مگر یہ کہ (دیدہ دانستہ) اس (کے لینے) میں چشم پوشی کر جاؤ اور جان لو کہ اللہ (تمہاری ان چیزوں سے) بے نیاز اور تمام خوبیوں والا ہے]۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

"إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يُقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا" (مسلم: 2346[1015]، بخاری: 1410)

[یقیناً اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ پاکیزہ (حلال) چیزوں کے علاوہ کوئی چیز قبول نہیں فرماتا]۔

اعمال میں خلوصِ نیت

ارشادِ ربانی ہے:

لَن يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِن يَنَالُهُ التَّقْوَىٰ مِنكُمْ ۚ (الحج:37/22)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[(یاد رکھو) اللہ تک تو نہ ان (قربانی کے جانوروں) کے گوشت پہنچتے ہیں اور نہ ہی ان کے خون، البتہ اس کے پاس تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے]۔

قربانی کیلئے کون سا جانور مستحب ہے؟

اُم المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا، کہ ایک مینڈھا لایا جائے جو سینگوں والا ہو، پاؤں کالے ہوں، آنکھیں کالی ہوں، سینہ اور پیٹ بھی کالا ہو۔ (مسلم:5091,5087[1967,1966]، ابو داؤد:2792)

نوٹ: مندرجہ بالا حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ جانور خوبصورت ہونا چاہیے۔

قربانی کے جانور کی عمر

❀ سیّدنا براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے ماموں سیّدنا ابو بردہ رضی اللہ عنہ نے نماز عید سے پہلے قربانی کر لی۔ اللہ کے نبی ﷺ نے انہیں نماز کے بعد دوبارہ ایک اور جانور ذبح کرنے کو کہا۔ سیّدنا ابو بردہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ان کے پاس اب صرف ایک سال سے کم عمر بکری ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "تم اسے ہی ذبح کر لو، لیکن تمہارے بعد (اس طرح کی قربانی کرنا) کسی اور کے لئے جائز نہیں ہوگی"۔

(بخاری:5556,983مسلم:5077,5069[1961]، ابو داؤد:2800، النسائی:4399، ترمذی:1508، المؤطاء:1051)

❀ سیّدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"دو دانتے کے علاوہ کوئی جانور (قربانی کے لئے) ذبح نہ کرو، سوائے اگر (دو دانتا جانور تلاش کرنا) تمہارے لئے مشکل ہو جائے، تو بھیڑ کا جذع ذبح کر لو"۔

(مسلم:5082[1963]، ابو داؤد:2797، ابن ماجہ:3141، النسائی:4383، ترمذی:1500)

❀ قربانی کا جانور (اونٹ، گائے، مینڈھا/ چھترا/ بکرا) کم از کم دو دانتوں والا ہونا چاہیے۔

(مسلم:5082[1963]، ابو داؤد:2797، ابن ماجہ:3141، النسائی:4394،3140، ترمذی:1500، المؤطاء:1050)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وضاحت

دودانتا جس کے دودھ کے سامنے والے دو دانت گر کر نئے دو دانت آ چکے ہوں۔

جذع جذع کی عمر کے بارے میں سے راجح قول یہ ہے کہ اس کی عمر ایک سال مکمل ہو۔

1. دو دانتوں والا اونٹ چار سال کا ہو چکا ہوتا ہے۔
2. دو دانتوں والی گائے دو سال کی ہو چکی ہوتی ہے۔
3. دو دانتوں والا مینڈھا/چھترا/بکرا ایک سال کا ہو چکا ہوتا ہے۔

قربانی کے جانور کا بے عیب ہونا

- کانا پن ظاہر نہ ہو (دونوں آنکھیں صحیح ہوں)۔

(ترمذی:1497، ابو داؤد:2802، النسائی:4374، ابن ماجہ:3144، المؤطاء:1049)

- لنگڑا پن ظاہر نہ ہو (لنگڑاتا نہ ہو)۔

(ترمذی:1497، ابو داؤد:2802، النسائی:4374، ابن ماجہ:3144، المؤطاء:1049)

- بیمار جس کی بیماری ظاہر ہو قربانی کے قابل نہیں۔

(ترمذی:1497، ابو داؤد:2802، النسائی:4374، ابن ماجہ:3144، المؤطاء:1049)

- انتہائی کمزور و لاغر جانور کی قربانی سے منع فرمایا ہے۔

(ترمذی:1497، ابو داؤد:2802، النسائی:4374، ابن ماجہ:3144، المؤطاء:1049)

- بوڑھا جانور کہ اس کی ہڈی میں گودا نہ ہو کی قربانی سے بھی منع فرمایا ہے۔

(ترمذی:1497، ابو داؤد:2802، النسائی:4374، ابن ماجہ:3144، المؤطاء:1049)

- قربانی کے جانور کا کان نہ ہی کٹا ہوا ہو اور نہ ہی اس میں سوراخ ہو اور نہ ہی لمبائی کے رُخ چیرے ہوئے ہوں۔

(ابو داؤد:2804، ترمذی:1498، ابن ماجہ:3142، النسائی:4379-4397)

- قربانی کے جانور کا سینگ ٹوٹا ہوا نہ ہو اور نہ ہی جڑ سے اکھڑا ہوا ہو۔

(ابو داؤد:2804، ترمذی:1498، ابن ماجہ:3142، النسائی:4382)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قربانی کے جانور کا خصّی ہونا

سیّدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اس حدیث کے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے قربانی کے دن دو مینڈھے ذبح کیے جو سینگوں والے، چتکبرے اور خصّی تھے۔

(ابو داؤد:2795، ابن ماجہ:3121، احمد:375/3)

قربانی کے جانور کا حاملہ ہونا

قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کے بعد اگر اس کے پیٹ سے مکمل بچہ نکل آئے تو، رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

"اگر چاہو تو کھا لو۔ بلاشبہ اس کی ماں کا ذبح کرنا ہی اس کے لئے ذبح ہے"۔

(ابو داؤد:2827،2828، ترمذی:1476، ابن ماجہ:3199)

وضاحت اگر بچہ زندہ نکلے تو اس کو ذبح کرنا لازم ہوگا ورنہ وہ ماں کی طرح ذبیحہ کا حصہ ہے اور حلال ہے اور اس کا کھانا جائز ہے۔

دودھ دینے والے جانور کی قربانی منع ہے

ایک آدمی (نے رسول اللہ ﷺ سے) پوچھا: (آپ ﷺ) فرمایئے اگر مجھے دودھ دینے والے جانور کے سوا کوئی اور جانور نہ ملے تو کیا میں اس جانور کی قربانی کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "نہیں بلکہ اپنے سر کے بال کاٹ لو، ناخن اور مونچھیں تراش لو، (بغل) اور زیر ناف بالوں کی صفائی کرلو۔ اللہ کے ہاں تمہاری یہی کامل قربانی ہے۔"

(مسلم:5313[2038]، ابن ماجہ:3180، ابو داؤد:2789، النسائی:4370)

قربانی کا ثواب

رسول اللہ ﷺ نے نمازِ جمعہ کے لئے اذان کے بعد آنے والے نمازیوں کے بارے میں فرمایا:

"جب جمعہ کا دن آتا ہے تو فرشتے جامع مسجد کے دروازے پر آنے والوں کے نام لکھتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔ سب سے پہلے آنے والا اونٹ کی قربانی دینے والے کی طرح لکھا جاتا ہے۔ اس کے بعد آنے والا گائے کی قربانی والے کی طرح، پھر مینڈھے کی قربانی کا ثواب رہتا ہے، اس کے بعد مرغی کا اور پھر اس کے بعد انڈے کا۔ لیکن جب امام خطبہ دینے کیلئے آکر ممبر پر بیٹھ جاتا ہے تو فرشتے اپنے دفاتر بند کر دیتے ہیں"۔

(بخاری:929، مسلم:1984[850]، النسائی:1386)

- رسول اللہ ﷺ سینگوں والے چتکبرے مینڈھوں کی قربانی کرنا پسند فرماتے تھے۔

(بخاری:5565,5564، مسلم:5087[1966]، ترمذی:1494، النسائی:4399، ابو داؤد:2807,2809)

وضاحت

1. اگر کوئی مسلمان ایک اونٹ ذبح کرے تو یہ قربانی ثواب کے اعتبار سے سب سے افضل ہے۔
2. اگر کوئی پوری گائے ذبح کرے تو وہ ثواب کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔
3. ثواب کے اعتبار سے تیسرے نمبر پر مینڈھا / بکرا / دنبہ ذبح کرنا ہے۔
4. اگر گائے اور اونٹ کی قربانی میں اور حصہ دار شامل ہوں تو مینڈھا / بکرا / دنبہ کی قربانی ان حصوں کی نسبت افضل ہے۔

قربانی کیلئے کتنے جانور ذبح کرنے چاہیں

اگر ریا کاری اور دکھاوا مقصود نہ ہو تو ایک سے زیادہ جانوروں کی قربانی دی جا سکتی ہے۔

(مسلم:5087[1966]، ابن ماجہ:3147، ترمذی:1505، المؤطا:1058)

ریا کاری سے اجتناب کرنا چاہیے

تابعی سیّدنا عطاء بن یسار رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے سیّدنا ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں قربانیاں کس طرح ہوتی تھیں؟ تو انہوں نے فرمایا: "نبی ﷺ کے زمانہ مبارک میں آدمی اپنی طرف سے ایک بکری قربان کر دیا کرتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا۔ بعد میں لوگ فخر (کے طور پر زیادہ جانور ذبح) کرنے لگے تو حال یہ ہو گیا جو آپ دیکھ رہے ہیں۔" (ابن ماجہ:3147، ترمذی:1505، المؤطاء:1058)

قربانی کے جانور میں حصہ داری

- اونٹ کی قربانی میں زیادہ سے زیادہ سات افراد تک شامل ہو سکتے ہیں۔

(مسلم:3185-3188[1318]، ابوداؤد:2807-2809، ابن ماجہ:3131,3132، ترمذی:904,1503،المؤطاء:1057)

- گائے کی قربانی میں زیادہ سے زیادہ سات افراد تک شامل ہو سکتے ہیں۔

(مسلم:3185[1318]، ابو داؤد:2807-2809، ابن ماجہ:3131,3132، ترمذی:1503، النسائی:4389، المؤطاء:1057، احمد:304/3)

- مینڈھا / چھترا / بکرا ایک ہی صاحب استطاعت فرد کی طرف سے ذبح کیا جا سکتا ہے۔

(بخاری:556,557، مسلم:5064-5078[1960,1961]، ابو داؤد:2810، ابن ماجہ:3147، ترمذی:1521، المؤطاء:1058)

قربانی کا گوشت ذخیرہ کرنا

- اُم المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول ﷺ نے قربانی کا گوشت سنبھال رکھنے سے لوگوں کے فقر و فاقہ کی وجہ سے منع فرمایا تھا، پھر اجازت دے دی۔

(بخاری:5423,5570، مسلم:5103[1971]، ابن ماجہ:3159، ابو داؤد: 2812، النسائی:4431، المؤطاء:1055، احمد:331/3)

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"میں نے تم کو قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے سے منع کیا تھا، اب کھاؤ اور ذخیرہ کرو"۔

(بخاری:1719، مسلم:5104-5107[972]، ابن ماجہ:3160، ابوداؤد:2813، النسائی:4426، المؤطاء:1054، احمد:388/3)

- اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا کہ قربانی کا گوشت کھاؤ، صدقہ کرو اور رکھ بھی لو۔

(بخاری:3997، مسلم:5108[1973]، ابو داؤد:2812، المؤطاء:1056، النسائی:4236-27، ابن ماجہ:3160، احمد:38/3)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قربانی کب تک کی جا سکتی ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"سارے ایام تشریق ذبح کے دن ہیں"۔ (احمد 61/3)

وضاحت ایام تشریق قربانی کا وقت 10 ذوالحجہ بعد از نمازِ عید تا 13 ذوالحجہ (قبل از غروب آفتاب) ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قربانی کے جانور ذبح کرنے کا طریقہ اور آداب

ابن جریج رحمہ اللہ نے سیّدنا عطاء رحمہ اللہ سے بیان کیا ہے کہ نحر کرنے کی جگہ سینے کے اوپر کے حصہ ہی میں ہوسکتا ہے، اور ذبح کرنے کی جگہ حلق ہے۔ اللہ ربّ العزت نے گائے کو ذبح کرنے کا ذکر سورۃ البقرہ میں کیا ہے۔

سیّدنا عطاء رحمہ اللہ نے مزید فرمایا کہ ذبح کرنا گردن کی رگوں کو کاٹنا ہے۔ سیّدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حرام مغز کاٹنے سے منع فرمایا۔

سیّدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا صرف گردن کی ہڈی تک رگوں کو کاٹا جائے اور چھوڑ دیا جائے تاکہ جانور ٹھنڈا ہو جائے۔

سیّدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ذبح حلق میں بھی کیا جاسکتا ہے اور سینہ کے اوپر کے حصہ میں بھی۔

سیّدین ابن عمر، ابن عباس اور انس رضی اللہ عنہم نے کہا کہ اگر (چھری تیز ہونے کی وجہ سے) گردن کٹ جائے تو کوئی حرج نہیں۔ (صحیح بخاری: باب النحر و ذبح: قبل از حدیث:5510)

وضاحت

ذبح — اللہ کے حلال کردہ جانوروں کا حلق اور رگیں کاٹنا ذبح کہلاتا ہے۔

نحر — سینے کے بالائی حصے (لبہ) میں چھرا / نیزہ گھونپنے کو کہتے ہیں۔

لبہ — وہ گہری جگہ Depression ہے جو گردن کی جڑ اور سینہ کے درمیان ہوتا ہے۔

اونٹ کو نحر کیا جاتا ہے اور دوسرے جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے۔

قربانی عیدگاہ میں ذبح کرنا

سیّدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ اپنی قربانی عیدگاہ ہی میں ذبح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا کرتے تھے۔ اور ابن عمر رضی اللہ عنہ بھی ایسے ہی کیا کرتے تھے۔

(بخاری:5551-5552، ابو داؤد:2811، ابن ماجہ:3161، النسائی:1590)

جانور ذبح کرنے کا اوزار

- فرمان رسولِ کریم ﷺ ہے:

"جب ذبح کرو تو اچھی طرح ذبح کرو۔ ذبح کرنے والے کو چاہیے کہ اپنی چھری تیز کر لے اور اپنے جانور کو راحت پہنچائے"۔ (مسلم:5055[1955]، ابو داؤد:2814)

- چھری اگر نہ ملے تو تیز دھاری پتھر، لکڑی کے تیز چھلکے یا لاٹھی کے تیز پھٹے سے ذبح کیا جاسکتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"پھرتی دکھا یا جلدی کر، جو چیز بھی جانور کا خون بہادے اور اس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اسے کھاؤ، لیکن دانت یا ناخن (ذبح کرنے کیلئے) استعمال نہ کئے گئے ہوں"۔

(بخاری:5498، مسلم:5092-5096[1968]، ابو داؤد:2821)

ذبح کرتے وقت جانور کی گردن پر پاؤں رکھنا

اللہ کے نبی ﷺ چھترہ / دنبہ ذبح کرتے وقت اپنا پاؤں جانور کی گردن پر رکھتے تاکہ ذبح کرتے وقت وہ ہل نہ سکے۔ (بخاری:5564,5565، ابو داؤد:2794، ترمذی:1494)

ذبح کرتے وقت جانور کا رخ قبلہ کی طرف کرنا

ذبح کرتے وقت قربانی کے جانور کا رخ قبلہ کی طرف کرنا چاہیے۔

(ابو داؤد:2795، ابن ماجہ:3121، احمد:3/375)

ذبح کرتے وقت تکبیر پڑھنا اور دُعا کرنا

قربانی کے جانور کو ذبح کرتے وقت بسم اللہ اور تکبیر اور مسنون دُعا پڑھنی چاہیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ! تَقَبَّلْ مِنْ (یہاں قربانی کرنے والے کا نام لیا جائے)

(مسلم:5091[1967]، ابو داؤد:2792)

یا

بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ (بخاری:7399,5565، ابو داؤد:2794، ترمذی:1494)

یا

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ، اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُکِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَ بِذٰلِکَ اُمِرْتُ، وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ، اَللّٰهُمَّ! مِنْکَ وَ لَکَ عَنْ [یہاں قربانی کرنے والے کا نام لیا جائے] بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ (ابو داؤد:2795، ابن ماجہ:3121، احمد:3/375)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متفرق مسائل

فوت شدہ کی طرف سے قربانی کرنا

رسول اللہ ﷺ قربانی کرتے وقت دُعا میں کہا کرتے تھے:

- "اے اللہ! محمد، آل محمد اور اُمت محمد کی طرف سے قبول فرما"۔

(مسلم:5091,5087[1967,1966]، ابو داؤد:2792)

- "اے اللہ! یہ (قربانی) تیری (ہی عطا کردہ) ہے اور تیرے ہی لئے ہے، (تو) اسے محمد اور اس کی اُمت کی طرف سے قبول فرما"۔ (ابو داؤد:2795، ابن ماجہ:3121، احمد:375/3)

وضاحت اگر میّت اللہ کی راہ میں صدقہ وخیرات دیتی رہی ہو تو میّت کی طرف سے صدقہ کرنا جائز ہے۔ لہٰذا میّت کی طرف سے قربانی بھی کی جا سکتی ہے۔

قربانی کے جانور کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا

قربانی کے جانور کو خود ذبح کرنا افضل ہے۔ اللہ کے نبی ﷺ اپنے دست مبارک سے قربانی کے جانور "نحر" یا "ذبح" کیا کرتے تھے۔

(بخاری:7399,5565، مسلم:5091[1967]، ابوداؤد:2795-2792، ترمذی:1494، ابن ماجہ:3121، احمد:375/3)

قربانی نیابتاً کسی سے ذبح کروانا

قربانی کے جانور کو نیابتاً بھی کسی سے یا قصاب سے ذبح کرایا جا سکتا ہے۔ حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے 37 اونٹ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ سے نحر کروائے۔

(مسلم:2950[1218]، ابن ماجہ:3074، ابوداؤد:1764، احمد:160,159/1)

قصّاب کو کھال یا گوشت اجرت میں دینا جائز نہیں

قصاب کو بطور اجرت ذبیحہ کا گوشت یا کھال دینا جائز نہیں۔ اسے مزدوری علیحدہ دی جائے۔ (بخاری:1716، مسلم:3180[1317]، ابوداؤد:1769، ابن ماجہ:3099)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پورے کنبہ کی طرف سے قربانی

ایک ہی گھر میں رہتے ہوئے جہاں ایک ہی جگہ کھانا پکتا ہو، گھر کے سربراہ کی طرف سے دی ہوئی قربانی گھر کے باقی افراد کے لئے کفایت کر جاتی ہے۔

(ابن ماجہ:3147، ترمذی:1505)

چھترہ یا گائے ذبح کرتے وقت چھری کہاں پھیری جائے؟

چھترہ / بکرا / دنبہ اور گائے ذبح کرنے کی جگہ حلق اور لبہ ہے۔ (بخاری: قبل از حدیث:5510)

اونٹ کی قربانی کیسے کرنی چاہیے؟

اونٹ یا اونٹنی کو کھڑا کر کے ایک پاؤں باندھ کر نحر کرنا سنت رسول ﷺ ہے۔

(بخاری:1713، مسلم:3193[1320]، ابوداؤد:1768)

قربانی کے جانور کے پیٹ کے بچے کا مسئلہ

قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کے بعد اگر اس کے پیٹ سے مکمل بچہ نکل آئے (اور وہ مر چکا ہو) تو، فرمان رسول ﷺ ہے:

"اگر چاہو تو کھا لو۔ بلاشبہ اس کی ماں کا ذبح کرنا ہی اس کے لئے ذبح ہے۔"

(ابوداؤد:2828,2827، ترمذی:1476، ابن ماجہ:3199)

وضاحت قربانی کے جانور کے پیٹ سے بچہ زندہ نکل آئے تو قربانی مکمل کرنے کے لئے اسے بھی لازماً ذبح کرنا ہوگا۔

ذبح کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا بھول جانا

ذبح کرتے وقت اگر بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو ایسا جانور حلال ہے، کیونکہ اُمت محمد ﷺ کو بھول چوک معاف ہے۔ (ابن ماجہ:2043-2045)

وضاحت کیونکہ نیت خالص اللہ کی رضا کے لئے قربانی کرنا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذبح کرتے وقت گردن علیحدہ ہو جانا

ذبح کرتے وقت چھری کی تیزی کی وجہ سے گردن علیحدہ ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔

(بخاری: قبل از حدیث: 5510)

قربانی کی کھالیں

قربانی کی کھالوں کا مصرف بھی وہی ہے جو کہ زکوٰۃ کا ہے۔ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہیں اللہ کے نبی ﷺ نے قربانی کے جھول اور چمڑے کو صدقہ کرنے کا حکم دیا تھا۔

(بخاری: 1716,1707، مسلم: 3168,3167[1310]، ابوداؤد: 1769، ابن ماجہ: 3099)

کیا غیر مسلم کو قربانی کا گوشت دیا جا سکتا ہے؟

غیر مسلم کو قربانی کا گوشت بھی دیا جا سکتا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فَكُلُوا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ (الحج: 36/22)

[پھر اس میں سے (خود بھی) کھاؤ اور قناعت کرنے والے (محتاج) کو اور مانگنے والے (محتاج) کو بھی کھلاؤ]۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مصادر و ماخذ

عید الاضحیٰ [عشرہ ذوالحجہ کی فضیلت اور قربانی کے مسائل] کی تالیف وتخریج کیلئے مندرجہ ذیل کتب سے افادہ کیا گیا ہے۔

① قرآن کریم —— تَنْزِيلٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

② صحیح بخاری —— ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ

③ صحیح مسلم —— مسلم بن حجاج قشیری نیساپوری رحمۃ اللہ علیہ

④ سنن ابوداؤد —— ابوداؤد سلیمان بن اشعث بن اسحاق ازدی سجستانی رحمۃ اللہ علیہ

⑤ جامع ترمذی —— ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ

⑥ سنن نسائی —— ابو عبدالرحمن احمد بن علی نسائی رحمۃ اللہ علیہ

⑦ سنن ابن ماجہ —— ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ

⑧ المؤطاء مالک —— ابو عبداللہ مالک بن انس بن مالک اصبحی رحمۃ اللہ علیہ

⑨ مسند احمد —— ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی رحمۃ اللہ علیہ

نوٹ: حوالہ جات ② تا ⑦ "الکتب الستۃ" (مجلد واحد) صحاح ستہ (ایک جلد میں) طبع شدہ دارالسلام لاہور سے لئے گئے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

فہم قرآن کلاسز (بلا معاوضہ)

فہم قرآن انسٹیٹیوٹ (رجسٹرڈ) لاہور کے زیر اہتمام

فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر کسی ترجمہ کی مدد کے بغیر براہ راست قرآنِ مجید سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لئے تین (3) ماہ پر مشتمل کورس کیجئے۔

ماہنامہ
مجلہ فہم قرآن

الحمدللہ! **فہم قرآن انسٹیٹیوٹ** (رجسٹرڈ) کا ترجمان ماہنامہ **مجلہ فہم قرآن** ستمبر 1999ء سے نہایت خوش اسلوبی اور باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے جس میں پروفیسر عطاء الرحمٰن ثاقب شہیدؒ کی قرآنی اعربی گرامر **تَیسِیرُ القُرآن** پر مبنی لیکچرز سے ماخوذ • **شرح تَیسِیرُ القُرآن** • قرآنِ مجید کی لغوی تشریح • تیسیر القرآن ڈکشنری • لغۃ القرآن • قرآنِ مجید کا اردو اور انگلش ترجمہ اور • مختلف فرقہ واریت سے پاک دینی مضامین ہر ماہ تسلسل سے شائع ہو رہے ہیں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ گھر بیٹھے قرآنِ مجید کی زبان اور اس کے علوم سے آگاہی حاصل کریں اور ہر ماہ فہم قرآن سے متعلقہ مواد آپ تک پہنچتا رہے تو آج ہی **مجلہ فہم قرآن** کے ممبر بننے کے لئے **فہم قرآن انسٹیٹیوٹ** (رجسٹرڈ) معرفت ولایت سنز (پبلشرز) محمدی ہاؤس، 14-ایبٹ روڈ لاہور۔ 54000 یا فون: 7441199, 7443434, 6311513-14 پر رابطہ فرمائیں۔

خود بھی ممبر بنئے اور دوست احباب کو بھی ممبر بننے کی ترغیب دیجئے

پروفیسر عطاء الرحمٰن ثاقب شہیدؒ کی قرآنی اعربی گرامر پر مقبول عام کتاب

تَیسِیرُ القُرآن

ڈاکٹر طارق ہمایوں شیخ کی پروفیسر عطاء الرحمٰن ثاقب شہیدؒ کی تیسیر القرآن پر مبنی لیکچرز سے ماخوذ

شَرح تَیسِیرُ القُرآن

سے قرآن فہمی اور عربی زبان کی تدریس بھی آسان ہوگئی ہے۔

تیسیر القرآن لیکچرز کی آڈیو سی ڈی اور آڈیو کیسٹس بھی دستیاب ہیں

ISBN 978-969-8738-07-5

9 789698 738075

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

ولایت سنز (پبلشرز)

محمدی ہاؤس، 14-ایبٹ روڈ
لاہور۔ 54000 پاکستان

فون: 042 - 6311513, 6311514 فیکس: 042 - 6311512